سوال

(11) قرآن مجید کی تلاوت بلا تخصیص میت کو ثواب پہنچتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

کیا قرآن مجید کی تلاوت بلا تخصیص وقت ومکان کے میت کو ثواب پہنچتا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

کسی آیت سے یا حدیث سے تلاوت قرآن کی ثواب رسانی کا ثبوت نہیں۔ نہ زمانہ رسالت میں اس کا ثبوت ملتا ہے۔ حنفی علماء اس کو مالی عبادات پر قیاس کر کے جائز کہتے ہیں۔ (19 جون 1931 عیسوی)

شرفیہ

اس باب میں کچھ روایات یا آثار کتاب شمار التنکیت فی ابیات التثبیت میں ہیں۔ مگر اس وقت وہ کتاب موجود نہیں جو نقل کی جایئں۔ ہاں نیل الاوطار سے بحیثیت مجموعی ملتا ہے کہ جمہور اہل سنت کے نزدیک تلاوت قرآن کا ثواب بھی میت کو ملتا ہے۔ (نیل الاوطار ص 79۔ 80) (ابو سعید شرف الدین دہلوی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 19